## تمام قومیتوں کے حق پرست عوام اور خصوصاً مخیّر حضرات ''جلسہ قومی یکجہتی'' کے لئے زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں، الطاف حسین

### یہ عطیات صرف ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم سی بی واٹر پمپ برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 1000916 میں جمع کرائے جاسکتے ہیں

### ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کا بیڑا اٹھا رکھا ہے

### متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ملک کے کرپٹ سیاسی نظام کے خلاف

لندن۔۔۔26، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام اور بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیو ایم کے تحت 30 جنوری بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے جلسہ عام میں دل کھول کر عطیات جمع کرائیں۔ یہ عطیات صرف ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم سی بی واٹر پمپ برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 1000916 میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ملک کے کرپٹ سیاسی نظام کے خلاف ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کا بیڑا اٹھا رکھا ہے بلکہ حق پرستی کا پرچم بھی بلند کر رکھا ہے جس کے تلے مظلوم قومیتیں متحد ہوچکی ہیں اور اس کا ایک بے مثال مظاہرہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم قومیتوں کے اتحاد کیلئے حق پرست عوام اور مخیّر حضرات کی جانب سے دیئے جانے والے عطیات ملک میں قومی یکجہتی کے قیام کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خالصتاً غریب و متوسط طبقے پر مشتمل جماعت ہے اور اس میں کوئی جاگیردار، سرمایہ دار اور وڈیرہ شامل نہیں ہے اس کے تمام اخراجات عوامی عطیات سے ہی پورے کئے جاتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام اور مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ قومی یکجہتی جلسہ عام کے سلسلے میں اپنے عطیات زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں اور مظلوم قومیتوں کے اتحاد میں شامل ہوکر ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی کی جانب مائل کرنے اور ان میں نفرتوں کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## تمام قومیتوں کے عوام ''جلسہ قومی یکجہتی'' میں لازمی شرکت کرکے قومی یکجہتی کا ثبوت دیں، مفتی نعیم، اسد تھانوی

### نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔26/جنوری 2011ء

جامعہ بنوریہ سائیٹ کے مہتمم مفتی محمد نعیم اور معروف مذہبی اسکالر مولانا اسد تھانوی نے کراچی کی تمام قومیتوں پختون، سندھی، بلوچ، پنجابی، سرائیکی، ہزاروال، کشمیری، گلگتی، بلتی اور بنگالی، نسلی و لسانی اور ثقافتی اکائیوں کے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ''جلسہ قومی یکجہتی'' میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے قومی یکجہتی اور حق پرست کا ثبوت دیں۔ اس سے قبل مفتی محمد نعیم اور مولانا اسد تھانوی کی قیادت میں علماء کے دس رکنی وفد نے بدھ کے شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، اشفاق منگی اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیو ایم کی عملی خدمات کو سراہا۔ خورشید بیگم میموریل ہال میں ہونیوالی دونوں جانب سے ملک میں جاری انتہاء پسندی اور دہشت گردی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی اور گذشتہ روز سیدنا حضرت امام حسینؓ اور شہداء کربلا کے چہلم کے موقع پر خودکش بم دھماکوں میں پولیس اہلکاروں سمیت درجنوں معصوم شہریوں کی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں مساجد کے مسائل، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور دہشت گردی سمیت علماء کو درپیش مسائل اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد کے ارکان نے شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارگی اور امن وامان کے قیام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی عملی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ رابطہ کمیٹی نے مفتی محمد نعیم اور مولانا اسد تھانوی سمیت تمام علماء کرام کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خوش آمد کہا اور کہا کہ ایم کیو ایم کسی مذہب، مسلک اور عقیدے کے ہرگز خلاف نہیں بلکہ جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30، جنوری کا جلسہ قومی یکجہتی ثابت کردیگا کہ ایم کیو ایم تمام قومیتوں، نسلی و لسانی اور ثقافتی اکائیوں سمیت تمام مذاہب، مسلکوں اور عقائد کے ماننے والوں کی متفقہ جماعت ہے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد و دیگر اراکین بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ اور چھوٹے بھائی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم اور چھوٹے بھائی راشد بیگ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ اور چھوٹے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## انتقال کی اطلاع ملتے ہی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور سلیم تاجک مرحومین کی رہائشگاہ پر پہنچ گئے

کراچی۔۔۔26،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم علالت کے باعث انتقال کر گئیں انکی عمر 65 سال تھی اور ان کے انتقال کی خبر سن کر صدمے سے انکے چھوٹے صاحبزادے راشد بیگ بھی انتقال کر گئے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ اور چھوٹے بھائی کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی جاوید کاظمی اور سلیم تاجک مرحومین کی رہائشگاہ پر پہنچ گئے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین سوگواران کے ساتھ رہے اس موقع پر انہوں نے مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکرٹریٹ لندن سے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فاروق بیگ سے فون پر انکی والدہ اور بھائی کے انتقال پر تعزیت کی اور دلی افسوس کا اظہار کیا۔

## امریکی صدر کے سینئر مشیر David Lipton کی سربراہی میں پانچ رکنی وفد کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

اسلام آباد۔۔۔26،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے امریکی صدر کے سینئر مشیر David Lipton کی سربراہی میں پانچ رکنی وفد نے ملاقات کی۔یہ ملاقات ان کی رہائشگاہ پر ہوئی جس میں دوطرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی وفد سے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی بدحالی اور سیاسی بحران کا شکار ہے،ملک کو سیاسی وقومی اتفاق رائے کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ پاک امریکہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کیلئے دوطرفہ روابط کو مزید فروغ دینے،اعتماد کو مضبوط کرنے کے علاوہ پاکستان کو اس وقت میثاق معیشت کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم نے حکومت کو 9 نکات دیئے ہیں جو کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا معاشی ویژن ہے جس پر عملدر کو یقینی بنایا جائے تو پاکستان خود انحصاری کی راہ پر چل پڑے گا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی وفد سے پاکستان میں توانائی اور اقتصادی شعبوں میں مزید تعاون پر زور دیا۔امریکی وفد نے ایم کیوایم کے 9 نکات کی تعریف کی اور جناب الطاف حسین کے ویژن کو سراہا اور اسے ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے خوش آئند قرار دیا۔امریکی وفد میں Mary Beth Goodman،Charles Collins، Ambassador Rebecca Lawler اور David Murray شامل تھے۔

## 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والا قومی یکجہتی جلسہ عام اس اتحاد کو دوام بخشے گا،، نادیہ گبول، نثار پنہور

## 98 فیصد مظلوم عوام کے اتحاد کو کوئی سازش ختم نہیں کرسکتی

## متحدہ ایک انقلابی تحریک ہے اور ملک پر قابض فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اپنا عملی کردار ادا کررہی ہے

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام جاری عوام رابطہ مہم کے سلسلے میں اجتماعات سے خطاب

کراچی:۔۔۔25 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزراء نثار پنہور اور محترمہ نادیہ گبول نے کہا ہے کہ 98 فیصد مظلوم عوام کے اتحاد کو کوئی سازش ختم نہیں کرسکتی اور 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والا قومی یکجہتی جلسہ عام اس اتحاد کو دوام بخشے گا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام جاری عوام رابطہ مہم کے سلسلے میں بن قاسم سیکٹر کی بھینس کالونی، خواستی بروہی گوٹھ بفرزون نارتھ ناظم آباد اور گڈاپ سیکٹر کے ہندو آدم گوٹھ میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر سوہو، ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز عارف حیدر، اسلم بلوچ اور اراکین بھی موجود تھے۔اجتماعات میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔نثار پنہور اور محترمہ نادیہ گبول نے کہا کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے اور ملک پر قابض فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اپنا عملی کردار ادا کررہی ہے اور یہ عملی کردار ان قوتوں کو ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے جو مختلف قومیتوں کے اتحاد کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام قومیتوں کو حق پرستی کا پلیٹ فارم مہیا کردیا ہے جس سے وہ اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اور مظلوم قومیتوں کے اتحاد کے دشمن یہ نہیں چاہتے کہ ملک کی مظلوم قومیتیں حق پرستی کے پرچم تلے اکٹھی ہوں۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور درس نے مظلوم قومیتوں کو راستہ دکھا دیا ہے اور وہ اب جناب الطاف حسین کے علاوہ کسی اور پر اعتماد کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والا جلسہ عام میں مختلف قومیتوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی بھرپور شرکت سے ثابت کردے گا کہ ایم کیوایم قومی جماعت ہے۔جو ملک سے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور 98 فیصد غریب عوام کا انقلاب ملک کی ترقی اور خوشحالی کا باعث بنے گا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 30 جنوری بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونیوالے جلسہ عوام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## ایم کیوایم نے حق پرستی کا جو علم اٹھایا ہوا ہے اسے کراچی سمیت ملک بھر کی مظلوم قومیتوں نے تھام لیا ہے، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی

## جلسہ عام کے سلسلے میں گلشن اقبال کے گلزار ہجری سکندر گوٹھ میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

## مختلف قومیتوں کے عوام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور اسے تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرائیں

کراچی:۔۔۔25 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 30 جنوری اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے زیراہتمام گزشتہ روز گلشن اقبال کے گلزار ہجری سکندر گوٹھ میں اجتماع ہوا جس سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جوائنٹ انچارج مرزا اعجاز بیگ، اراکین خالد محمود اعوان اور نادر دشتی نے خطاب کیا۔اجتماع میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جلسہ عام میں مظلوم قومیتوں کا بے مثال اتحاد، غریب ومتوسط طبقے کے ملک بھر میں آنے والے اس انقلاب کی سمت متعین کردیگا جس کی قائد تحریک جناب الطاف حسین بات کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر ملک بھر میں مختلف قومیتوں کے اتحاد سے خوفزدہ ہیں اور اسی سلسلے میں ایم کیوایم کے خلاف نت نئی اور گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے حق پرستی کا جو علم اٹھایا ہوا ہے اسے کراچی سمیت ملک بھر کی مظلوم قومیتوں نے تھام لیا ہے اور اب مظلوم قومیتوں کے اتحاد کو ناکام بنانے کی سازشیں کرنے والے راندہ درگاہ ہوجائیں گے اور ان کی تمام سازشیں ملیامیٹ ہوجائیں گی۔انہوں نے اجتماع کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے مختلف قومیتوں کے جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور اسے تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔۔26 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 ایلڈ زونگ کمیٹی کے رکن سلیم محمد کے والد نور محمد، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 ایلڈ زونگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مقصود خان کی والدہ محترمہ انوری بیگم، ملتان زون ڈسٹرکٹ بھاولنگر کی کمیٹی کے رکن جمشید راٹھور، کی والدہ رحمت بی بی، ماڑی پور سیکٹر یونٹ مشرف کالونی کے جوائنٹ انچارج محمد عمران خان کے والد سلیم خان، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے جوائنٹ انچارج سعید الحق کے بڑے بھائی ایس ایم ابرار الحق، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 143/A کے جوائنٹ انچارج محمد نوید خان کی والدہ محترمہ راشدہ خاتون، ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن محمد حسین کے والد غیور حسین زیدی، گجرانوالہ زون ڈسٹرکٹ گجرات کے ممبر عاصم شاہ کے والد سیّد محمود حسین شاہ، بزنس روڈ سیکٹر یونٹ 23 کے کارکن فرخ احمد کے والد انوار احمد، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن اور ریسرچ ایڈوائزری کونسل کے ممبر کے ایس مجاہد خان بلوچ، کی والدہ محترمہ نور جہاں، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی محمود آباد سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن پروفیسر جاوید بابر کی بیٹی بینش برلاس، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن محمد سلیم صدیقی کے بھائی محمد عامل صدیقی اور ایم کیوایم ملتان زون ڈسٹرکٹ پاکپتن کے انچارج نوازش علی وڑائچ کے چچا وراثت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔( آمین )

## نظریاتی کارکنان متحدہ قومی موومنٹ کا اثاثہ ہیں، صوبائی تنظیمی کمیٹی

## ایم کیوایم ملتان زون کے ڈسٹرکٹ پاکپتن اور عارف والا میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

ملتان۔۔۔26، جنوری 2011ء

ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان فیض اللہ اور کامران اختر نے کہا ہے کہ انقلابی تحریکوں میں نسلوں کی تقدیر بدلنے والوں کو انتہائی کٹھن حالات کا سامنا رہتا ہے اور وفادار اور ثابت قدم ساتھیوں کی بدولت تحریک اپنی جدوجہد جاری رکھتے ہوئے منزل پر پہنچ کر دم لے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ملتان زون کے ڈسٹرکٹ پاکپتن اور عارف والا میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ذمہ داران و کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ نظریئے کو زندہ رکھنے کیلئے ہزاروں کارکنان نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تحریکی جدوجہدان کی قربانیوں سے عبارت ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین کارکنان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور انہیں اپنا اثاثہ سمجھتے ہیں اس لئے کارکنان کو بھی اپنے محبوب قائد کی محبت کا جواب محبت سے دینا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب قائد تحریک جناب الطاف حسین پنجاب کے متوسط گھرانوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان کو اسمبلیوں میں پہنچائیں گے تا کہ وہ غریب و مظلوم عوام کی تقدیر بدلیں ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا دست و بازو بن کر ساتھ دینا ہوگا تا کہ 98 فیصد مظلوم عوام جلد ملک پر قابض ظالم جاگیرداروں اور وڈیروں سے چھٹکارا حاصل کرسکیں۔اجلاس سے ایم کیوایم ملتان کے جوائنٹ زونل انچارج نعیم ارشد اور ڈسٹرکٹ انچارج پاکپتن چوہدری نوازش وڑائچ نے بھی خطاب کیا۔

## مظلوم قومیتوں اور اقلیتوں کا جناب الطاف حسین پر اظہار اعتماد اس بات کی دلیل ہے کہ ملک میں غریب و متوسط طبقے کا انقلاب آنے والا ہے، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی

## 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ قومی یکجہتی جلسہ کے سلسلے میں مختلف مقامات پر عوامی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔26، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ ''قومی یکجہتی جلسہ'' کے سلسلے میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کی جانب سے بھرپور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت عزیز آباد گلبرگ ٹاؤن، گجرونور خان گوٹھ گڈاپ ٹاؤن، اورنگی ٹاؤن میں واقع غازی آباد کرسچن کالونی اور بلدیہ ٹاؤن یوسی نمبر 2 میں علیحدہ علیحدہ اجتماعات منعقد ہوئے جن میں اقلیتی برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔اجتماعات سے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج گوسوامی وجے مہاراج، اراکین گردھاری لال، عارف بھٹی، حق پرست ارکان سندھ

اسمبلی عارف مسیح اور منظر مام نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث نہ صرف ملک کی تمام قومیتیں بلکہ اقلیتی برادریاں بھی مسائل اور مشکلات کا شکار ہیں اور وہ اس کے حل کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا حصہ بن چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی جلسہ میں تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتیں اپنی بھرپور شرکت سے ثابت کردینگی کہ اب ہر مظلوم متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھ ہے اور ملک میں رائج فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور اور عملی کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہو چکا ہے۔انہوں نے اجتماعات کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 30 جنوری کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے قومی یکجہتی جلسہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کو یقینی بنائیں اور ثابت کردیں کہ ملک میں غریب و متوسط طبقے کا انقلاب آنے ہی والا ہے اور مظلوم قومیتوں اور مظلوم اقلیتوں کا جناب الطاف حسین پر اظہار اعتماد اس بات کی دلیل ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے جناح اسپتال میں ملیر خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی

## بم دھماکے کرنے والے دہشت گرد سفاک اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، زخمیوں کے لواحقین سے بات چیت

کراچی۔۔۔26، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر برائے صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے بدھ کے روز جناح اسپتال کا دورہ کیا اور ملیر میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی۔انہوں نے زخمیوں سے افسوسناک دھماکے کی تفصیلات معلوم کیں اور اسپتال کے عملے کو زخمیوں کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر انہوں نے زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔بعدازاں زخمیوں کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بم دھماکے کرنے والے دہشت گرد سفاک ہیں اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم صف آراء ہے اور انشاءاللہ دہشت گردی کے عفریت سے ایک دن ضرور ملک وقوم نجات حاصل کرلے گی۔

## کوہستان کے سابق ناظم مشعوق الرحمان 300 ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شامل

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو کوہستان کی گلی گلی پھیلانے کا عزم

ایبٹ آباد۔۔۔26/جنوری 2011ء

ایبٹ آباد ضلع میں کوہستان کے سابق ناظم مشعوق الرحمان نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت ،فکروفلسفہ پر مکمل اعتماد اور ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور پالیسیوں سے متاثر ہوکر اپنے 300 سے زائد ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی۔مشعوق الرحمان نے ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان ایبٹ آباد زون کے ڈسٹرکٹ آفس میں زونل کمیٹی کے ارکان ہمایوں خان، سید اقبال حسن شاہ، تنویر حسن، ایبٹ آباد ڈسٹرکٹ کے انچارج وارا کین سے ملاقات دوران کیا۔انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ کوہستان کے نگرنگر جاکر گھر گھر میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریے، فکروفلسفے اور پیغام حق پرستی کو پھیلائیں گے تاکہ متحدہ قومی موومنٹ کوہستان میں پھلے پھولے عوام میں شعور بیداری پیدا ہو۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے مشعوق الرحمان کی ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆